پریس ریلیز

نو منتخب ٹیم کی ایک اور بڑی کامیابی، چیمبر ممبران کی سہولت کیلئے آئی پی او کاؤنٹر قائم، ڈائریکٹر جنرل آئی پی او نے افتتاح کر دیا

گوجرانوالہ کی تجارتی و صنعتی اہمیت کے پیش نظر قائم کردہ اس کاؤنٹر سے ممبران کو مقامی سطح پر تمام سہولیات میسر آئیں گی: ڈی جی آئی پی او نعمان اسلم شیخ

گوجرانوالہ: انٹلیکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان (IPO-Pakistan) کے ڈائریکٹر جنرل نعمان اسلم شیخ نے ڈائریکٹر لاہور معید رانا اور ٹیم کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا دورہ کیا اور چیمبر میں قائم "آئی پی او پاکستان ڈیسک" کا فیتہ کاٹ کر باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ممبران، صنعتکاروں اور تاجروں کے لیے انٹلیکچوئل پراپرٹی رائٹس، برانڈ پروٹیکشن اور اختراعات کے تحفظ کے موضوع پر ایک خصوصی آگاہی سیشن بھی منعقد کیا گیا۔

تقریب میں صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈی اے عامر رحمان، سابق نائب صدر و ایگزیکٹو ممبر وقاص افضل مغل، دیگر ایگزیکٹو ممبران سمیت سینئر اراکین اور صنعتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی آئی پی او نعمان اسلم شیخ نے کہا کہ گوجرانوالہ کی عظیم تجارتی و صنعتی اہمیت کے پیش نظر چیمبر میں قائم کیا گیا یہ کاؤنٹر تاجروں کے لیے انتہائی سودمند ثابت ہوگا، جہاں آئی پی او کا افسر مستقل بنیادوں پر موجود رہ کر اراکین کو مقامی سطح پر تمام مطلوبہ خدمات فراہم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر نفاذ سے ٹریڈ مارک اور برانڈ کی منظوری کا عمل انتہائی تیز کر دیا گیا ہے۔ ماضی میں زیرِ التوا 30 ہزار سے زائد درخواستیں نمٹا کر اب ان کی تعداد کم ہو کر صرف 2500 رہ گئی ہے، جبکہ رجسٹریشن کا دورانیہ 2 سال سے کم کر کے بین الاقوامی معیار کے مطابق صرف 8 ماہ کر دیا گیا ہے۔

ڈی جی آئی پی او نے مزید کہا کہ آئی پی او بطور ریگولیٹر صنعتکاروں کے برانڈ نام، لوگو، پروڈکٹ ڈیزائن، کاپی رائٹس، ٹریڈ سیکرٹس اور اختراعات کی قانونی منظوری اور تحفظ کو مکمل یقینی بناتا ہے، جبکہ تجارتی تنازعات کے فوری حل کے لیے متبادل تنازعہ حل کرنے کا نظام (ADR) بھی متعارف کرایا جا رہا ہے۔

صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل اور نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر نے چیمبر میں آئی پی او کاؤنٹر کے قیام کا پُرزور خیرمقدم کرتے ہوئے اسے گوجرانوالہ کی صنعت کے قانونی تحفظ اور عالمی منڈیوں میں ترقی کے لیے ایک سنگِ میل قرار دیا۔

PRESS RELEASE

Another Major Achievement by Newly Elected Team: IPO Counter Established for Chamber Members, Formally Inaugurated by Director General IPO Pakistan

GUJRANWALA: Noman Aslam Sheikh, Director General of the Intellectual Property Organization of Pakistan (IPO-Pakistan), accompanied by Lahore Director Moeed Rana and delegation members, paid an official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) to formally inaugurate the newly established "IPO Pakistan Desk" by cutting the ribbon. On this occasion, a dedicated awareness session was also convened for members, industrialists, and traders focusing on Intellectual Property Rights (IPR), brand protection, and the safeguarding of commercial innovations.

The ceremony was attended by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former President Mian Umar Saleem, former Chairman GDA Amir Rehman, former Vice President & Executive Member Waqas Afzal Mughal, alongside executive members, senior trade figures, and prominent industrialists.

Addressing the awareness session, DG IPO Noman Aslam Sheikh stated that given Gujranwala's immense industrial and manufacturing significance, the newly established counter at the Chamber will prove highly beneficial, ensuring a dedicated IPO officer remains stationed on-site to provide comprehensive local facilitation to members. He highlighted that through the implementation of digitization and advanced technological frameworks, the processing time for trademarks and brand approvals has been drastically expedited. Over 30,000 legacy pending applications have been successfully resolved, bringing the backlog down to just 2,500, while the registration timeframe has been reduced from two years to an international standard of eight months.

DG IPO further elaborated that as a vital regulatory body, IPO-Pakistan legally guarantees the approval and protection of industrialists' brand names, logos, product designs, copyrights, trade secrets, and innovations. He added that an Alternate Dispute Resolution (ADR) mechanism is also being introduced to facilitate the swift and amicable resolution of commercial disputes.

GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, and Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar warmly welcomed the establishment of the IPO counter at the Chamber, terming it a monumental milestone for safeguarding local industries and fostering global competitiveness for Gujranwala's manufacturing sector.